# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

## :::::سرخیاں:::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نوجوانوں کے قومی دِن کے موقع پر وزیرِاعظم آج کریں گے 3 ہزار نوجوان قائدین سے تبادلہ خیال۔

☆ ترقی یافتہ بھارت بنانے کی خاطر مُلک کو نشے سے پاک بنانا ضروری‘ وزیرِ داخلہ امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 22 بڑے پروجیکٹس کے ذریعے 35 ہزار کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری‘ صنعت کے وزیر اُدے سامنت کی اطلاع۔

☆ مسّا جوگ قتل معاملے کے تمام ملزمین پر مکوکا قانون کا نفاذ۔

اور ☆ جالنہ میں منعقدہ سہ روزہ مہا چنتنی اجلاس کا کل ہوا اختتام۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

سوامی وویکانند کی سالگرہ کے موقع پر آج نوجوانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔اس موقع پر وزیرِاعظم نریندر مودی آج دہلی کے بھارت منڈپم میں 3 ہزار لیڈروں سے بات چیت کریں گے۔اس تبادلہ خیال کا ایک مقصد ایک ترقی یافتہ بھارت کے لیے ایک لاکھ نوجوانوں کو سیاست میں حصہ لینے کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔

***** **** *****

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک کو نشے سے پاک کیے بغیر ترقی یافتہ بھارت بنانا ممکن نہیں۔وزیر موصوف کل نئی دہلی میں منشیات کی اسمگلنگ اور قومی سلامتی کے عنوان پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔شاہ نے نشے سے پاک بھارت کی تعمیر کے لئے مرکز اور ریاستوں کو ایک پلیٹ فارم پر آ کر کام کرنے کی اپیل کی۔منشیات کو ضائع کرنے کی پندھرواڑہ مہم اور مانس۔۲ نامی ہیلپ لائن کو تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں تک توسیع کرنے کا افتتاح بھی وزیر موصوف کے ہاتھوں عمل میں آیا۔امت شاہ نے بتایا کہ گذشتہ 10 برسوں میں ملک میں 24 لاکھ کلو منشیات ضبط کی گئی اور آئندہ کچھ دنوں میں منشیات کا بڑا ذخیرہ ضائع کیا جائے گا۔انہوں نے کہا ہے۔

اسی دوران امت شاہ آج اہلیہ نگر ضلع کے دورے پر آ رہے ہیں۔وہ شنی شنگناپور اور شرڈی جائیں گے۔شرڈی میں ہونے والے بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی اجلاس میں وہ شرکت کریں گے۔

***** **** *****

ماحولیات کی ریاستی وزیر پنکجا منڈے نے ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے مناسب کارروائی نہ کرنے والے افسران پر کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔وزیرِ موصوفہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں اس مناسبت سے مختلف محکموں کی میٹنگ کے بعد بول رہی تھیں۔اس موقع پر انہوں نے ندیوں میں پانی کی آلودگی کی روک تھام اور ندیوں کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے موقف پیش کیا۔منڈے نے کہا کہ مہاراشٹر میں کچھ مقامات پر آبی آلودگی کافی بڑا مسئلہ ہے۔

ویسٹ مینجمنٹ کی ذمہ داری میونسپل کارپوریشن کی ہوتی ہے۔جنہیں ریاستی محکموں سے فنڈ دیا جاتا ہے۔لیکن وہ اس بجٹ کو برابر خرچ نہیں کرتے اور میں نے اس کا خوب جائزہ لیا ہے۔وزیرموصوفہ نے بتایا کہ انہوں نے ساحل سمندر کی سڑکوں پر ہونے والی آلودگی کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے بتایا کہ آلودگی سے متعلق کاموں میں لاپرواہی پر متعلقہ افسران پر سخت کاروائی کی جائے گی۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ندیوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا ایک اچھا کام بھی کیا جاسکتا ہے۔پنکجامنڈے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر اور لاتور اضلاع کے مویشیوں کی افزائش کے محکمے کا جائزاتی اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر وزیرموصوفہ نے جانوروں کے دواخانوں کے قیام اور ملازمین کے تقررات سے متعلق تجاویز پیش کرنے کی ہدایت دی۔

***** **** *****

آئندہ 14 جنوری سے مراٹھی زبان کے تحفظ کا پندھرواڑہ شروع ہورہا ہے۔مراٹھی زبان کو اشرافیہ کا درجہ حاصل ہونے پر پہلی تہنیتی تقریب کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں واقع ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں منعقد کی گئی۔اس موقع پر مراٹھی زبان کے ریاستی وزیرادے سامنت نے کہا کہ یونیورسٹی کی مراٹھی زبان کے تحفظ کی پہل کرنے چاہیئے۔ساتھ ہی وزیرموصوف نے تمام تعلیمی اداروں سے بھی اپیل کی کہ وہ مراٹھی زبان کے تحفظ سے متعلق اس پندھرواڑے کے دوران کم از کم ایک پروگرام کا انعقاد کریں۔

اسی بیچ سامنت نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صنعتی ترقی سے متعلق ایک اجلاس کا انعقاد کیا۔شیندرا صنعتی علاقے کے اورک سٹی میں منعقدہ اس میٹنگ میں اعلان کیا گیاک موجودہ 46 صنعتی علاقوں کے علاوہ مزید 33 صنعتی علاقے قائم کئے جائیں گے۔میٹنگ کے بعد صحافتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سامنت نے بتایا کہ 22 بڑے پروجیکٹوں نے چھترپتی سمبھاجی نگر صنعتی علاقے میں قطعہ اراضی کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔اس کے ذریعے 35 ہزار کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری حاصل کی جائے گی۔

انہوں نے بتایا کہ مراٹھواڑہ کے ہر تعلقے میں صنعتی علاقہ قائم کرنے کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔سامنت نے کہا کہ مراٹھواڑہ میں 4 ادیوگ بھون تعمیر کئے جائیں گے جو چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، بیڑ اور دھاراشیو میں ہونگے اوران کی تعمیر کا کام شروع کردیا گیا ہے۔جو آئندہ سال بھر میں مکمل ہوجائے گا۔

***** **** *****

بیڑ ضلع کے مساجوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں تمام ملزمین کے خلاف مکوکا قانون نافذ کرنے کا ریاستی حکومت نے حکم دیا ہے۔پولس سپرنٹنڈنٹ نوین کاوت نے کل یہ اطلاع دی۔اسی دوران سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کے ملزمین اور پربھنی میں سومناتھ سوریہ ونشی کی موت سے متعلق معاملے کے مجرمین کو سخت سزا دیئے جانے کے مطالبہ پر کل واشم میں کل جماعتی اور تمام مذاہب کی تنظیموں کی جانب سے مورچہ نکالا گیا۔اس جلوس میں واشم کے رکن پارلیمان سنجے دیشمکھ سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

امداد باہمی کے ریاستی وزیر بالاصاحب پاٹل نے کہا ہے کہ امداد باہمی محکمہ کے ذریعے گاؤں کی سطح پر مختلف خدمات فراہم کرنے والی امداد باہمی سوسائٹیز کو مضبوط بنانے کی کوشش کی جارہی ہیں۔وزیرموصوف کل لاتور ضلع کے احمدپور تعلقہ میں واقع کن گاؤں میں سڑکوں کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ ان سوئٹیز کی گوداموں کی تعمیر، مختلف خدمات فراہم کرنے اور کام کاج کو کمپیوٹرائزڈ کرنے میں تعاون دے کر آمدنی بڑھانے میں مدد کی جارہی ہے اور مالی تعاون بھی کیا جارہا ہے۔

***** **** *****

خواتین کے کھوکھو کا عالمی کپ کل سے دہلی میں شروع ہورہا ہے۔ بیڑ ضلع کے کیج تعلقے کے کڑنب آنمبا کی پریںکا انگلے کو اس مقابلے میں حصہ لینے والی بھارتی ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ان کے والد ہنومان انگلے نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے اپنی بیٹی کے انتخاب پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کھوکھو ورلڈ کپ کے لیے ان کی بیٹی کو بھارتی ٹیم کا کپتان بنائے جانے پر انہیں بہت خوشی ہے۔

***** **** *****

جالنہ میں کل سہ روزہ مہاچنتنی یعنی اصلاح مذاکرے کا اختتام عمل میں آیا۔اس موقع پر راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے موجود تھے۔انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ چکردھر سوامی نے انسانیت پرستی کو اولین ترجیح دی ہے انہوں نے سماج کو جہالت اور توہم پرستی سے نجات دلانے کا کام کیا۔ ساتھ ہی ذات پات کے نظام کو بھی انہوں نے چیلنج کیا۔ناگپور سے تعلق رکھنے والے سنت ادب کے ماہر ڈاکٹر کومل ٹھاکرے کو معززین کے ہاتھوں اس برس کا چنتنی ایوارڈ دیا گیا۔

***** **** *****

سینئر نقاد ڈاکٹر سدھیر رساڑ کو ساہتیہ اکیڈمی انعام سے نوازے جانے پر کل ناندیڑ میں ایک تقریب کے دوران مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی ناندیڑ اور پلسہ شانوں کی جانب سے مبارکباد دی گئی۔اس موقع پر ڈاکٹر رساڑ نے کہا کہ مراٹھی ادب اور ثقافت کو بچانے کے لئے ہمیں اپنی ثقافتی شناخت کو زندہ کرنے کی ضرورت ہے۔

***** **** *****

سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے شعبہ مراٹھی کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر پرتھوی راج تور کی دلی میں ہونے والی یوم جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کے لیے خاص طور پر مدعو کیا گیا ہے۔اس دعوت نامے پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر تور نے کہا کہ وہ مراٹھی زبان کو اشرافیہ کا درجہ دیئے جانے کے پس منظر میں دعوت نامے ملنے پر فخر محسوس کر رہے ہیں۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل رکن پارلیمان سندیپان بھومرے کے ہاتھوں سیدھا مہوتسو کا افتتاح عمل میں آیا۔اس نمائش میں مختلف مصنوعات کے کل 145 اسٹالز لگائے گئے ہیں۔

***** **** *****

ہیڈ ماسٹرس ایسوسی ایشن کی ریاستی سطح کی تعلیمی کانفرنس کا کل لاتور میں اختتام عمل میں آیا۔اس موقع پر 14 مختلف قرار دادیں منظور کی گئیں۔اس میں ایسوسی ایشن کو ریاستی سطح کے تعلیمی فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنا، RTE ایکٹ کے مطابق تعلیمی سال 2024-25 سے بیچ کی منظوری میں طلباء کی تعداد کی بنیاد پر اضافی تدریسی عہدوں کو منظور کرنا جیسی قرار دادیں شامل ہیں۔

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆نوجوانوں کے قومی دِن کے موقع پر وزیر اعظم آج کریں گے 3 ہزار نوجوان قائدین سے تبادلہ خیال۔

☆ترقی یافتہ بھارت بنانے کی خاطر مُلک کو نشے سے پاک بنانا ضروری؛ وزیر داخلہ امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆چھترپتی سمبھا جی نگر میں 22 بڑے پروجیکٹس کے ذریعے 35 ہزار کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری؛ صنعت کے وزیر اُدے سامنت کی اطلاع۔

☆مسّا جوگ قتل معاملے کے تمام ملزمین پر مکوکا قانون کا نفاذ۔

اور ☆جالنہ میں منعقدہ سہ روزہ مہا چنتنی اجلاس کا کل ہوا اختتام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****